نیوز ریلیز

البرٹا کے بزرگ اب کووِڈ-19 حفاظتی ٹیکوں کے اہل ہیں

19فروری،2021ء

البرٹا کی حکومت صوبے بھر میں 75 سال اور اس سے زائد عمر کے تمام عمر رسیدہ افراد کو کووِڈ-19 ویکسینز کی پیشکش شروع کرے گی۔

19فروری سے، البرٹا ہیلتھ سروسز ریٹائرمینٹ مراکز، لاجز، امدادی نگہداشت کی رہائشوں اور دیگر اجتماعی رہائشی سہولیات میں 75 سال یا اس سے زائد عمر کے رہائشیوں کو براہِ راست ویکسین پیش کرے گی۔

24فروری سے، کمیونٹی میں رہنے والا کوئی بھی البرٹن جو 1946ء یا اس سے قبل پیدا ہوا تھا، وہ کووِڈ-19 ویکسین کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروانے کا اہل ہوگا۔ اپوائنٹمینٹ کی دستیابی ویکسین کی سپلائی پر مبنی ہوگی۔

آزاد اور کمیونٹی کے بزرگ

کوئی بھی فرد جو 1946ء یا اس سے پہلے پیدا ہوا تھا، ویکسین لگوانے کے اہل ہوگا، قطع نظر اس بات کے، کہ وہ کہاں رہتا ہے۔ بزرگ اپنے حفاظتی ٹیکوں کی اپوائنٹمینٹ البرٹا ہیلتھ سروسز کے ذریعے آن لائن اور ٹیلیفون بکنگ سسٹم کو استعمال کرکے بک کروانے کے قابل ہوں گے۔

فون کے ذریعے یا آن لائن – بکنگ کے طریقہ کی تفصیلات – 24 فروری کو جاری کی جائیں گی، اور ان کے لِنکس کووِڈ-19 ویکسین ویب پیج پر پوسٹ کئے جائیں گے۔ الگ تھلگ رہنے والے بزرگ حضرات اور نقل و حرکت کی مشکلات میں مبتلا افراد کی امداد کے بارے میں معلومات بھی پوسٹ کی جائیں گی۔

اجتماعی ماحول میں رہنے والے بزرگ

البرٹا ہیلتھ سروسز ریٹائرمینٹ مراکز، لاجز، امدادی نگہداشت کی رہائشوں اور دیگر اجتماعی رہائشی سہولیات میں 75 سال یا اس سے زائد عمر کے رہائشیوں کو براہِ راست ویکسین پیش کرے گی۔ حفاظتی ٹیکوں سے متعلق خدمات کیلئے اپوائنٹمینٹوں کا انتظام کرنے کیلئے صحت کے اہلکار بزرگوں کی اجتماعی نگہداشت کی سہولیات سے رابطہ کریں گے۔

ایسی جگہوں پر جہاں اہل بزرگ 75 سال سے کم عمر کے رہائشیوں کے ساتھ تعامل کرتے ہیں، صحت کے اہلکار اس سہولت میں رہنے والے ہر ایک فرد کو حفاظتی ٹیکے پیش کریں گے۔ تمام رہائشیوں کو ایک ساتھ کووِڈ-19 کی پیشکش بیماری کی منتقلی، شدید بیماری اور انتہائی غیر محفوظ لوگوں میں موت کے مجموعی خطرے کو کم کرتی ہے۔

اہل البرٹنز

75 سال اور سے زائد عمر کے بزرگ البرٹنز کی بڑھتی ہوئی اس فہرست میں شامل ہوں گے جو کووِڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگوانے کے اہل ہیں، ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- کووِڈ-19 یونٹس، طبّی اور سرجیکل یونٹس، اور آپریٹنگ رومز میں صحت کی نگہداشت کرنے والے ورکر۔
- ایمرجینسی ڈیپارٹمینٹس میں صحت کی نگہداشت کرنے والے ورکر۔

- گھر پر نگہداشت کرنے والے ورکر۔
- طویل مدتی نگہداشت اور نامزد امدادی رہائشی سہولیات کے رہائشی اور عملہ۔
- سانس کے تھراپسٹ۔
- پیرامیڈکس اور ایمرجینسی میڈیکل ٹیکنیشنز۔
- فرسٹ نیشنز، میٹیز اور فرسٹ نیشنز کمیونٹی یا میٹیس سیٹلمینٹ میں رہنے والے 65 سال سے زائد عمر کے افراد۔

طویل مدتی نگہداشت اور نامزد امدادی رہائشی سہولیات میں ویکسین کی دوسری خوراکوں کی تکمیل

- البرٹا ہیلتھ سروسز کے البرٹا میں کنٹریکٹڈ طویل المدت نگہداشت اور نامزد امدادی رہائشی سہولیات کے رہائشی اب کووِڈ-19 کے خلاف مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگوائے ہوئے ہیں۔
- صوبے بھر کے 29,233 رہائشی اب ویکسین کی دو خوراکیں لگوا چکے ہیں۔ یہ ان سہولیات پر موجود تمام اہل رہائشیوں کی نمائندگی کرتا ہے، ماسوائے ان کے جو بہت بیمار ہیں یا کسی دوسری صورت میں دونوں خوراکیں لگوانے کے قابل نہیں ہیں۔

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کے درست اقدامات کے ذریعے زندگیوں اور ذرائع معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

متعلقہ معلومات

- کووِڈ-19 ویکسین پروگرام

میڈیا انکوائریز

جیریکا گڈوِن (Jerrica Goodwin)
587-988-3278
پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

ٹام میکملن (Tom McMillan)
780-422-4905
اسسٹینٹ ڈائریکٹر آف کمیونیکیشنز، ہیلتھ

مزید سرکاری ترجمہ شدہ وسائل کے لئے، براہ کرم ملاحظہ کریں: https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx.